# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 02 April-2026
Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲/اپریل ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیراعظم کی زیرصدارت سلامتی سے متعلق کابینی کمیٹی کا اجلاس۔ پیٹرولیم اشیاء کی دستیابی یقینی بنانے پر کابینی کمیٹی کا زور۔

☆ مردم شماری کے پہلے مرحلے کا آغاز۔ پہلی بار ڈیجیٹل طرز پر مردم شماری۔

☆ ریاست میں دریاؤں کی بحالی کے لیے ریاستی سطح کی اتھاریٹی کے قیام کا کابینہ کا فیصلہ۔

☆ جالنہ ضلع میں سمردھی ایکسپریس وے پر پیش آئے حادثے میں 8/افراد ہلاک۔

اور۔۔۔☆ آئندہ چار دنوں میں ریاست کے بیشتر اضلاع میں غیرموسمی بارش کی پیش گوئی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مغربی ایشیاء میں جاری موجودہ تنازعہ کے پیش نظر کیئے جا رہے اقدامات پر مباحثے کی غرض سے وزیراعظم کی زیرصدارت کل سلامتی امور سے متعلق کابینی کمیٹی کا اجلاس منعقد کیا گیا۔ جس میں پیٹرولیم اشیاء بالخصوص ایل پی جی اور ایل این جی کی فراہمی اور توانائی کی مناسب دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے کئے گئے اقدامات پر کابینی سیکریٹری نے مفصل معلومات دیں۔ وزیراعظم نے عوام کی ضروریات پورا کرنے کے نکتہ نظر سے موجود وسائل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ملک میں کھادوں کی دستیابی اور خریف و ربیع ہنگام کے لیے کھادوں کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کئے جا رہے اقدامات پر تبادلۂ خیال کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ جنگ کے اثرات سے عوام کو بچانے کے لیے ہر ممکنہ اقدامات کیئے جا رہے ہیں۔

***** ***** *****

ملک میں کل سے مردم شماری کا کے پہلے مرحلے کا آغاز ہوا۔ اس بار پہلی مرتبہ ڈیجیٹل مردم شماری پر زور دیا جا رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے ذاتی کوائف کا پورٹل پر اندراج کر کے اس مہم میں اپنا حصہ ڈالا۔ شہریوں کو اب 16/زبانوں میں آن لائن اندراج کی سہولت ہوگی۔ وزیراعظم نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ایس ای۔ڈاٹ۔سینسیس۔ڈاٹ۔جی او وی۔ڈاٹ۔ان اس ویب سائٹ پر اپنے خاندان کی مکمل معلومات درج کر کے اس مہم کا حصہ بنیں۔

***** ***** *****

جن وشواس یعنی عوامی اعتماد ترمیمی بل کل لوک سبھا میں منظور کر لیا گیا۔ جرائم کی منطقی درجہ بندی کرنے کے لیے موجودہ قوانین میں ترامیم کی اس بل میں گنجائش رکھی گئی ہے۔ بل پر کی گئی بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیرصنعت و تجارت پیوش گوئل نے کہا کہ نہایت ہی معمولی وجوہات پر بھی مقدمات درج کئے جاتے ہیں تاہم اس بل میں سزا کی بجائے انصاف دینے کے لیے شقیں شامل کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پر حکومت کرنے کے لیے برطانوی

سامراج کے لاگو کردہ پرانے قوانین اس بل کے ذریعے منسوخ کیئے گیئے ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں دریاؤں کی بحالی کے لیے ریاستی ندی احیاء اتھاریٹی کے قیام کا فیصلہ کابینہ نے کیا ہے۔جس کے تحت ریاست کے 54 /آلودہ دریائی علاقوں میں بحالی پروجیکٹس چلائے جائیں گے۔وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی زیرصدارت کل ریاستی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ندی احیاء اتھاریٹی کے لیئے ضروری دو ہزار کروڑ روپیئے کا فنڈ پولیوشن کنٹرول بورڈ کے ذریعے جمع کیئے جانے اور اس میں حکومت کی جانب سے 100 /کروڑ روپیئے حصہ دیئے جانے کو بھی کابینہ نے منظوری دی۔

***** ***** *****

لینڈ ریکارڈ محکمے کے گروپ سی شعبے میں سرویئر کا عہدہ ختم کر کے کنزرویشن سرویئر کا عہدہ وضع کرنے کا فیصلہ بھی ریاستی کابینہ نے کیا۔یہ عہدہ 40 فیصد معمول کے عہدوں میں ترقی اور محکمۂ جاتی امتحانات کے ذریعے اور 20 فیصد راست بھرتی کے ذریعے پر کیئے جانے جانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔اہلیہ نگر ضلع کے چکھلی تعلقے میں لفٹ آبپاشی اسکیم کے لیے 234 کروڑ 13 /لاکھ روپیئے مختص کرنے اور ریاست میں معذور طلباء کی اسکالرشپ میں اضافہ کرنے کو بھی کابینہ نے منظوری دیدی۔

***** ***** *****

اسٹریٹ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی جانب سے شروع کئے گئے سکشم اسمارٹ کارڈ اسکیم کا کل وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔اس موقع پر نائب وزراء اعلیٰ ایکناتھ شندے اور سنیترا اپوار بھی موجود تھے۔اس اسکیم کے تحت مسافروں کو آدھار کارڈ سے منسلک اسمارٹ کارڈ دیئے جائیں گے جس سے ایس ٹی بسوں میں ملنے والی رعایتوں کا فائدہ بہ آسانی حاصل ہوسکیگا۔

***** ***** *****

وزیر زراعت دتاترے بھرنے نے حکم دیا ہے کہ خریف ہنگام کے لیے اپریل اور مئی مہینوں میں کھادوں کا مناسب ذخیرہ کرنے کے لیے محکمۂ زراعت سخت منصوبہ بندی کرے۔خریقف ہنگام 2026 کے پیش نظر ریاست میں کھادوں کی دستیابی اور منصوبہ بندی کا جائزہ لینے کے لیے طلب کیئے گیئے اجلاس سے وزیر موصوف نے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ جنگ کی صورت حال سے کھادوں کی فراہمی متاثر نہ ہواس کے لیے محکمۂ زراعت ہر ممکنہ احتیاط برت رہا ہے۔انہوں نے کیمیائی کھادوں پر انحصار کم کر کے حیاتیاتی کھادوں کے زیادہ استعمال کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بی جے پی کے رکن اسمبلی آنجہانی شیواجی کرڈیلے کے انتقال کے باعث خالی ہونے والی راہوری اسمبلی حلقے کی نشست پر بی جے پی نے ان کے صاحب زادے اکشئے کرڈیلے کی امیدواری کا اعلان کیا ہے۔اس اسمبلی حلقے میں آئندہ 23 /اپریل کو رائے دہی ہونے جارہی ہے۔

***** ***** *****

سمردھی ایکسپریس وے پر جالنہ کے کڑونچی سے قریب ایک پک اپ وین کو عقب سے آنے والے تیز رفتار کنٹینر کی ٹکر سے ہوئے حادثے میں 8 /خواتین ہلاک ہوگئیں جبکہ ڈرائیور سمت ایک شخص زخمی ہوگیا۔یہ حادثہ کل شام پانچ بجے پیش آیا۔پک اپ میں سوار تمام مہلکین کا تعلق بدناپور تعلقے کے کھاد گاؤں اور کیڑی گوہان سے تھا جو سمردھی ایکسپریس وے پر کام کرنے والے مزدور تھے۔وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اس حادثے پر شدید رنج وغم کا اظہار

کیا ہے۔اور مہلکین کے ورثاء کو پانچ پانچ لاکھ روپیئے کی عبوری امداد کا بھی اعلان کیا۔

***** ***** *****

ہنومان جینتی آج پورے ملک میں منائی جارہی ہے۔مختلف ہنومان مندروں میں صبح چھ بجے ہنومان جنم اتسو جوش وخروش سے منایا گیا۔چھترپتی سمبھاجی نگر کے خلدآباد کے بھدرا ماروتی مندر میں بھی یہ اتسو منایا جارہا ہے۔اس خصوص میں خلدآباد روڈ پر بڑی گاڑیوں کی آمدورفت پر پابندی لگائی گئی ہے۔اورانہیں دوسرے متبادل راستوں پر موڑ دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے متعدد علاقوں میں کل بھی غیر موسمی بارش ہوئی۔چھترپتی سمبھاجی نگر شہر،مضافات اور پیٹھن تعلقے میں کل شام بجلی کی چمک اور بادلوں کی گرج کے ساتھ زوردار بارش ہوئی۔لاتور ضلع کے رینا پور تعلقے میں تیز ہواؤں کے ساتھ ژالہ باری اور موسلا دھار بارش ہوئی جس سے کسانوں کو شدید نقصان کا خدشہ ہے۔جالنہ شہر سمیت ضلع میں بھی بیشتر مقامات پر بارش ہوئی۔

***** ***** *****

دریں اثناء ریاست میں آئندہ تین دنوں تک گرج چمک کے ساتھ غیر موسمی بارش کی پیش گوئی محکمۂ موسمیات نے کی ہے۔وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ کے کئی اضلاع میں ژالہ باری کے خدشے کے پیش نظر الرٹ جاری کیا گیا ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ اور بیڑ اضلاع میں آج بارش کا آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

محکمۂ زراعت نے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ آئندہ چند دنوں میں موسم کے مطابق منصوبہ بندی کریں اور کٹی ہوئی فصلوں کو محفوظ جگہوں پر یا ڈھانک کر رکھیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں جل جیون مشن کے تحت جاری کاموں کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے متعلقہ افسران کو دی ہے۔وہ کل اس خصوص میں منعقدہ جائزہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ضلع میں مجموعی طور پر ایک ہزار 244 گاؤں کے لیے 164 اسکیمات منظور کی گئی ہے جن میں سے 720 کے کام مکمل ہوگئے ہیں۔

***** ***** *****

دھاراشیو کے ثانوی تعلیمی شعبے کے تنخواہ اور پی ایف دفتر میں 8/ہزار روپیئے رشوت لیتے ہوئے عمران خان احمد پاشاہ پٹھان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔تنخواہ میں موجود فرق کو دور کرنے کے لیے اس نے یہ رشوت طلب کی تھی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کلکٹر دفتر میں کل بین الاقوامی نشانہ بازی مقابلوں میں کامیابی حاصل کرنے والے چیتن سپکاڑ کا کل ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار نے استقبال کیا۔اس موقع پر ضلع کلکٹر نے کہا کہ سپکاڑ نے بین الاقوامی سطح پر بہترین کارکردگی پیش کرکے ضلع کا نام بلند کیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیر اعظم کی زیر صدارت سلامتی سے متعلق کابینی کمیٹی کا اجلاس۔ پیٹرولیم اشیاء کی دستیابی یقینی بنانے پر کابینی کمیٹی کا زور۔

☆ مردم شماری کے پہلے مرحلے کا آغاز۔ پہلی بار ڈیجیٹل طرز پر مردم شماری۔

☆ ریاست میں دریاؤں کی بحالی کے لیے ریاستی سطح کی اتھاریٹی کے قیام کا کابینہ کا فیصلہ۔

☆ جالنہ ضلع میں سمردھی ایکسپریس وے پر پیش آئے حادثے میں 8/افراد ہلاک۔

اور۔۔۔☆ آئندہ چار دنوں میں ریاست کے بیشتر اضلاع میں غیر موسمی بارش کی پیش گوئی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****